© rasailojaraid.com

**انقلاب ایران بیسوی صدی میں** تالیف: جناب نظیر حسین زیدی ایم اے۔ ناشر: مسعود اکادمی ڈی ۲/۲۳ ناظم آباد ۲۔ کراچی۔

اس کتاب میں اُس انقلاب کی داستان بیان کی گئی ہے جسے "انقلاب مشروطیت ایران" کہا جاتا ہے اور جس کے بعد نہ صرف ایران کی سیاسی ہیئت میں تبدیلی ہوئی بلکہ اس کی معیشت اور معاشرت میں بھی نمایاں تبدیلیاں ہوئیں۔

---

**اُندلس، ادب و تاریخ** تالیف: ڈاکٹر سید محمد یوسف پروفیسر عربی جامعہ کراچی۔ شائع کردہ: مدینہ پبلشنگ کمپنی بندر روڈ کراچی ۱۔ صفحات: ۱۵۹۔ قیمت: چھ روپے۔

اس کتاب کے مصنف عربی زبان اور ادب کے نامور عالم ہیں۔ اس کتاب میں انہوں نے اندلس کے معروف مؤرخین کی انشا پردازی کے نمونے فتح سنہ ۹۱ھ سے لے کر سنہ ۸۹۷ھ تک پیش کیے ہیں۔ ان کے مطالعے سے نہ صرف ایک عظیم اسلامی ملک میں اظہارِ خیال کے مختلف اسلوب سامنے آتے ہیں بلکہ تاریخی واقعات کی مختلف کڑیاں معلوم ہونے سے اُن کے ارتقاء کا ایک نقشہ بھی ذہن میں مرتب ہو جاتا ہے۔

فاضل مصنف نے ہر واقعہ کے بیان سے پہلے اس کا جو مختصر پس منظر پیش کیا ہے اس سے اُسے سمجھنے میں بہت زیادہ مدد ملتی ہے۔ عربی زبان کے ذوق کو عام کرنے کے لیے یہ سلسلہ بڑا مفید ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ڈاکٹر صاحب اس سلسلے کو جاری رکھیں گے۔

معیارِ کتابت و طباعت عمدہ ہے۔

---

**اسلامی اسباق** شائع کردہ: ادارۂ درس و اشاعت اسلام رجسٹرڈ۔ لاہور۔ قیمت ۴۰ پیسے۔ صفحات ۶۴۔

بچوں کو دینی تعلیمات سے روشناس کرانے کے لیے یہ ایک قابلِ قدر کوشش ہے۔ اس کے دائرے کو جس قدر پھیلایا جائے اس قدر اس سے مفید نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔

معیارِ طباعت و کتابت عمدہ ہے۔

© rasailojaraid.com